Government of South Australia

ساؤتھ آسٹریلین ملٹی کلچرل چارٹر

ساؤتھ آسٹریلین ملٹی کلچرل ایکٹ 2021 کا مقصد ملٹی کلچرل ازم اور انٹرکلچرل ازم کو فروغ دینا ہے اور یہ ساؤتھ آسٹریلین ملٹی کلچرل چارٹر (چارٹر) کی بنیاد ہے۔ یہ چارٹر ساؤتھ آسٹریلین ایجنسیوں، تنظیموں، اداروں، کاروباروں اور کمیونٹیوں کو وہ تصوّر اور رہنمائی فراہم کرے گا جو تمام ساؤتھ آسٹریلین پالیسی سازی اور خدمات کی تشکیل اور فراہمی کی بنیاد ہو۔

ساؤتھ آسٹریلین ملٹی کلچرل چارٹر تسلیم کرتا ہے:

- کہ ساؤتھ آسٹریلیا میں زمین اور پانی کے روایتی مالک اور باسی ایبوریجنل لوگ ہیں جو دنیا کی طویل ترین زندہ متنوّع تہذیب کے طور پر اپنی تہذیب اور ورثے سے ملنے والے عقائد کو جاری رکھے ہوئے ہیں اور فروغ دے رہے ہیں، اور ساؤتھ آسٹریلیا میں فرسٹ نیشنز کے لوگوں کے طور پر ایک اہم تاریخی اور مسلسل کردار رکھتے ہیں۔
- ہم سے پہلے گزرنے والی نسلوں کے کارناموں اور مشکلات کو، جنہوں نے نئی اور ابھرتی ہوئی کمیونٹیوں کے ساتھ مل کر ساؤتھ آسٹریلیا کی شناخت کو ڈھالنے میں کردار ادا کیا ہے۔

یہ چارٹر ساؤتھ آسٹریلیا کے تمام لوگوں کے لیے ہے اور اس کا مقصد:

- تہذیبی، لسانی، نسلی اور مذہبی تنوّع کو تسلیم کرتے ہوئے اپنی کمیونٹی کو متحد کرنا ہے
- ایسا ماحول پیدا کرنا ہے جہاں علم، خیالات اور نقاطِ نظر کا فعال اظہار اور تبادلہ ہو تاکہ ساؤتھ آسٹریلیا کے تمام لوگ ہمارے بھرپور اور قابلِ قدر تنوعّ کا گہرا شعور اور احترام پیدا کریں
- ملٹی کلچرل پالیسیوں کی تشکیل اور خدمات کی فراہمی کے لیے ایک بنیاد فراہم کرنا ہے جس سے ہماری کمیونٹیوں کو فائدہ پہنچے اور ہماری سٹیٹ ترقی کرے
- ساؤتھ آسٹریلیا کے تمام لوگوں کے لیے کام کی ایسی جگہوں اور ایسی کمیونٹیوں کو فروغ دینا ہے جہاں سب کو شامل کیا جاتا ہو اور جہاں جوابدہی ہو۔

چارٹر کے اصول

ساؤتھ آسٹریلین ملٹی کلچرل چارٹر وہ اصول بیان کرتا ہے جن کی رو سے ساؤتھ آسٹریلیا کے تمام لوگ:

1. تہذیبی، لسانی، نسلی اور مذہبی تنوّع کو تسلیم کریں، اس کا احترام اور قدر کریں اور ہماری سٹیٹ میں اس تنوّع کے گزشتہ کردار اور جاری و ساری کردار کو تسلیم کریں
2. علم اور ہمارے تہذیبی، لسانی، نسلی اور مذہبی تنوّع کے شعور کے دوطرفہ تبادلے میں شریک ہونے کی ترغیب پائیں
3. ایک متحد معاشرے میں رہنے، کام کرنے اور تعلیم حاصل کرنے کے قابل ہوں اور زندگی کے تمام پہلوؤں میں پھلیں پھولیں
4. باہمی احترام، افہام و تفہیم، انصاف اور حفاظت کا حق رکھیں اور تہذیبی، لسانی، نسلی اور مذہبی پس منظر کی بنیاد پر امتیازی سلوک سے آزاد رہنے کا حق رکھیں
5. قانون کے تحت اپنے تہذیبی، لسانی اور مذہبی تنوع کی بقا اور اظہار کے قابل ہوں اور اس پر عمل اور خوشی کا اظہار کر سکیں
6. ان مواقع اور خدمات تک مساوی رسائی رکھتے ہوں جن سے ہماری سٹیٹ کی تعلیمی، سماجی، تہذیبی، معاشی اور سیاسی زندگی میں شرکت میں مدد ملتی ہے۔

Honourable Peter Malinauskas MP
Premier of South Australia

Honourable Zoe Bettison MP
Minister for Multicultural Affairs

Damien Walker
Chief Executive
Department of the Premier and Cabinet